CAREERINDIA

SL. No : L

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 57 ]
Total No. of Questions : 57 ]

**CCE PR**

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 8
[ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 85-U** **Code No. : 85-U**

# ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version)**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus )**

**(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 19. 06. 2017 ] [ Date : 19. 06. 2017

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

## عام ہدایات :

1. سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 57 سوالات ہیں۔
2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

یہاں سے کاٹیے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوالنامہ کھولیے

Tear here

www.careerindia.com



PR-Q-12025

CAREERINDIA



I. مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ 10 × 1 = 10

1. گروپ - **A** کی فہرست میں لیڈروں اور گروپ - **B** میں اِن کے عہدے دئے گئے ہیں۔ جوڑ ملنے والے گروپ کو پہچانیں :

| گروپ - **A** | گروپ - **B** |
|---|---|
| a) جواہرلال نہرو | i) پہلے صدر |
| b) ڈاکٹر راجیندر پرساد | ii) پہلے وزیر داخلہ |
| c) سردار ولبھ بھائی پٹیل | iii) ریاستی ازسرنو تقسیمی کمیشن کے چیرمین |
| d) جسٹس فضل علی | iv) پہلے وزیر اعظم |

| | ***a*** | ***b*** | ***c*** | ***d*** |
|---|---|---|---|---|
| (A) | iii | iv | i | ii |
| (B) | iv | i | ii | iii |
| (C) | i | ii | iii | iv |
| (D) | ii | iii | iv | i |

2. مندرجہ ذیل میں سے کونسا لیڈر رہے ہے جو عوام کو امن، غذا اور زمین جیسے عوامی مقبول آسان نعرے سکھائے

(A) جوزف اسٹالن (B) مسولینی

(C) ماؤتسی تنگ (D) لینن

3. دہشت گردوں نے 26/11 کو ممبئی کی تاج ہوٹل پر حملہ کیا اِن کا کس کے درمیان تعلق تھا۔

(A) ہندوستان - نیپال (B) ہندوستان - مانمار

(C) ہندوستان - پاکستان (D) ہندوستان - سری لنکا

4. 24 اکتوبر 1945 ایک اہم دن ہے کیونکہ

(A) تنظیم اقوام متحدہ کا وجود عمل میں آیا (B) اقوام دولت مشترکہ کی تشکیل

(C) یوروپی برادری قائم ہوا (D) تنظیم علاقائی سارک کا قیام ہوا



www.careerindia.com

CAREERINDIA



5. مزدوروں کے امتیاز کو نکال پھینکنے کے لئے مرکزی حکومت نے 1976 کے قانون کو روبہ عمل لایا وہ ہے

(A) روزگاری کے بھروسہ کا قانون

(B) چھوت چھات کے خاتمہ کا قانون

(C) بچہ مزدوری کے تحفظ کا قانون

(D) مساوی تنخواہ کا قانون

6. نقشہ میں نشان زد کا صحیح جوڑ ملائیں:




(A) 1 - کوسی، 2 - نربدا، 3 - ہیراکڈ

(B) 1 - ناگرجنا ساگر، 2 - نربدا، 3 - کوسی

(C) 1 - نربدا، 2 - کوسی، 3 - ناگرجنا ساگر

(D) 1 - کوسی، 2 - ناگرجنا ساگر، 3 - نربدا

7. ''سنہرے انقلاب'' کا انتہائی ترقی کرنے والا میدان ہے

(A) سونے کی کان (B) باغبانی

(C) مویشی پالن (D) مچھلی پالن

www.careerindia.com

CAREERINDIA



8. ’’ہندوستان کی منصوبہ بند معشیت‘‘ کتاب لکھنے والا

(A) سر ایم- وشویشوریا (B) ڈاکٹر ایم یس سوامی ناتھن

(C) ورگیز کورئین (D) ڈاکٹر نارمن بورلاگ

9. اِس قسم کے بینک کے کھاتے میں زرمحفوظ مقررہ مدت سے پہلے نہیں لی جاسکتی؟

(A) بچت کھاتہ (B) چالتی یا چالو کھاتہ

(C) مکرر ڈپازٹ کھاتہ (D) مقررہ ڈپازٹ کھاتہ

10. ڈاکٹر پرتاپ ریڈی کی جاری کردہ

(A) اپولو ہسپتال (B) ریلینس کمپنی

(C) وپرو تکنیکی (D) بیوکان ادارے

II. مندرجہ ذیل سوالوں کا **ایک** جملے میں جواب دیں : 14 × 1 = 14

11. کال چکر کسے کہتے ہیں ؟

12. منٹو مارلے اصلاحات 1909 سے تقسیم ہند ہوتا۔کیسے ؟

13. ہندوستان کے ایک حصّہ پر کونسے یوروپی ملک نے طویل مدت تک حکومت کی ؟

14. حکومتِ کرناٹک نے ڈاکٹر ڈی یم ننجڈ پا سمیتی کیوں قائم کی ؟

15. تنظیم اقوام متحدہ کی ٹرسٹی شپ کونسل کے کام میں کمی آئی ہے۔کیوں ؟

16. ہمارے دستور کی 24 ویں دفعہ کے تحت کیا اعلان کیا گیا ؟

17. ہندوستانی حکومت نے زچگی سے پہلے جین کا پتہ لگانے کی تکنیک پر پابندی کا قانون کیوں جاری کیا ؟

18. جنوبی ہندوستان کی سب سے اونچی چوٹی کونسی ہے ؟

19. دوری کھیتی ہندوستان میں کم ہوگئی ہے۔کیوں ؟

20. پٹرولیم کو ’’مائع سونا‘‘ کیوں کہا جاتا ہے ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



21. ہندوستان کا ''سلیکون سٹی (Silicon city) کونسا ہے ؟

22. مابعد فصل کاٹنے کے دور کی (Post-Harvest) تکنیک کسے کہتے ہیں ؟

23. ہندوستان میں مالی سال کا وقفہ کونسا ہے ؟

24. ضلعی صنعتوں کے مراکز کو سرکار نے کیوں قائم کیا ؟

III. مندرجہ ذیل سوالوں کا دو جملوں میں جواب دیں : 25 × 2 = 50

25. جنگ پلاسی کا کیا نتیجہ برآمد ہوا ؟

26. صلح نامہ سری رنگ پٹن کے شرائط کیا تھے ؟

27. ہندوستانی سماجی و مذہبی سدھار میں راجہ رام موہن رائے کے خدمات کیا تھے ؟

یا

ستیہ شودھک سماج کے اصلاحات کیا تھے ؟

28. ''نازی نظریے نے جرمنی کو تباہ کر دیا'' کس طرح بیان کیجئے۔

29. عورتوں کے مقام کو بہتر بنانے کے لئے حکومت کی جانب سے اُٹھائے گئے اقدامات کونسے ہیں ؟

30. دہشت گردی سے ہونے والے اثرات کیا ہیں ؟

31. بے قابو بھیڑ کی شکل و صورت بیان کیجئے۔

32. ''ہندوستانی زراعت مانسون کے ساتھ ایک جوا ہے۔'' کیوں ؟

33. مٹی کے گھرچنے کے اثرات کونسے ہیں ؟

34. جنگلات کا تحفظ کیسے کر سکتے ہیں ؟

35. ریموٹ سنسنگ ٹکنالوجی سے قدرتی آفات کو حل کرنے میں کیسے مدد ملتی ہے ؟

36. ساحلی کٹاؤ کا انسداد کیسے کر سکتے ہیں ؟

37. دیہاتوں سے شہروں کو نقل مکانی کرنے سے لوگوں پر کیا اثر پڑتا ہے ؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA



38. فی کس آمدنی ترقی کی جانچ کا صحیح پیمانہ نہیں ہے۔کیوں ؟

39. آفاقیت کی وجہ سے ماحولی کثافت میں اضافہ ہورہا ہے۔وضاحت کیجئے۔

40. یوروپی اقوام کو ہندوستان کے متبادل راستوں کی تلاش کرنی پڑی۔اس کے اسباب کیا تھے ؟

41. سرد جنگ کے دوران ہونے والے دو گروپوں (بلاکس) کے نام لکھئے۔

42. روس میں اسٹالن نے کن اصلاحی اقدامات کو اپنایا ؟

43. ہندوستان میں خواندگی کو بڑھانے کے لئے کن اقدامات کو اٹھایا گیا ہے ؟

44. ہندوستان میں ماحول کی حفاظت (تحفظ) کے لئے قائم کئے گئے اجتماعی احتجاجات کے نام لکھئے۔

45. ہندوستان کے چار اہم جغرافیائی حصے کونسے ہیں ؟

46. ہندوستان کی آب وہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل کونسے ہیں ؟

47. ہندوستان کی مغربی بندرگاہوں کے نام لکھئے۔

48. حکومت سے ملنے والی دو رہائشی منصوبوں کے نام لکھئے۔

49. بینک نامی لفظ کیسے آیا ؟

IV. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب چھ جملوں میں دیں : $6 \times 3 = 18$

50. ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی 1857ء کا نتیجہ متوقع نہیں تھا۔اس کی وجہ بتائیے۔

**یا**

ہندوستانی تعلیم کے میدان میں انگریزوں کا اہم رول تھا۔وضاحت کیجئے۔

51. ہندوستان کی خارجہ پالیسی کے جغرافیائی عوامل کونسے ہیں ؟

**یا**

آج کل چین اور ہندوستان کے درمیان ہمارے تعلقات میں کمی کے اسباب کیا ہیں ؟

52. چھوت چھات کے خاتمہ کو حل کرنے کے لئے حکومت کے کیا اقدامات ہیں ؟

**یا**

بے روزگاری کے مسئلہ کو تدراک (حل) کرنے کے اقدامات کون کونسے ہیں ؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA



53. ہندوستان میں سڑکوں کے ذریعہ نقل وحمل کے مسائل کون کونسے ہیں ؟

یا

کسی صنعت کی مقامیت کے لئے کون کونسے عوامل ضروری ہیں ؟

54. دیہی ترقی میں پنچایت راج اداروں کے کردار لکھئے۔

یا

عوامی مالیہ کی اہمیت بیان کیجئے۔

55. بینک کا کھاتہ کھولنے سے ملنے والی سہولتیں کیا کیا ہیں ؟

یا

بیمہ پالیسی لینے کے لئے کن درکار طریقوں کا لحاظ رکھنا پڑتا ہے ؟

V. درج ذیل سوال کا جواب آٹھ جملوں میں لکھئے : 4

56. جدوجہد آزادی میں بال گنگا دھر تلک کے کردار کو بیان کرو۔

VI. 57. ہندوستان کے نقشے کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : 1 + 3 = 4

a) $23\frac{1}{2}^{\circ}$ شمالی عرض البلد

b) اُتکل ساحل

c) تنگبھدرا پروجیکٹ

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر 57 کی جگہ)**

ہمالیہ کے استعمال کیا کیا ہیں ؟ 4

www.careerindia.com

www.careerindia.com